نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کپاس کے کاشتکاروں کیلیئے تھرپس بارے ایڈوائزری جاری

لاہور: یکم جون **2026**: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کپاس کے کاشتکار تھرپس کے انسداد کیلیئے ہفتہ میں کم از کم دو مرتبہ پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔ کپاس کے اردگرد جڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں۔ تھرپس کے حملے کو کم کرنے کیلیئے ہلکی آبپاشی کریں اور حیاتیاتی کنٹرول کیلیئے 20 کرائسو پرلا کارڈ فی ایکڑ استعمال کریں۔ اگر تھرپس کا حملہ معاشی نقصان کی حد (10 عدد فی پتہ) تک پہنچ جائے تو فوری طور پر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سفارش کردہ زہروں کا سپرے کریں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆